22502- فوتگی کے اعلان کی مباح اور منع کردہ صورتیں

سوال

کسی شخص کے رشتہ داروں اور دوست واحباب کو اس کی فوتگی کی اطلاع دینا تاکہ نماز جنازہ کے لیے جمع ہوجائیں... کیا یہ منع کردہ فوتگی کی اطلاع میں شامل ہوتا ہے یا مباح اور جائز ہیں ؟

پسندیدہ جواب

یہ فوتگی کی مباح اطلاع میں شامل ہوتا ہے ، اور اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی موت کی اطلاع اسی دن دی تھی جس دن وہ فوت ہوا اور مسجد کی صفائی کرنے والی عورت کے فوت ہونے پر صحابہ کرام نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائے بغیر دفنا دیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"تم نے مجھے خبر کیوں نہ کی...."

یعنی تم نے مجھے کیوں نہ بتایا، توکسی شخص کے جنازے میں زیادہ لوگوں کو شرکت کا موقع دینے کے لیے موت کی اطلاع دینے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ اس طرح کا واقعہ سنت سے ثابت ہے، لیکن اس کے دفن کرنے کے بعد اعلان کرنا مشروع نہیں، بلکہ یہ ممنوعہ اعلان میں شامل ہوتا ہے.